ابتدا میں عصری علمِ معاشیات کی مختصر وضاحت کے بعد اسلامی معاشیات پر روشنی ڈالی گئی ہے اور اس کی بنیاد، کردار، رجحانات اور مقاصد واضح کیے گئے ہیں پھر علمِ معاشیات میں جن بنیادی سوالات سے بحث کی جاتی ہے اور اسلام ان کے جو جوابات فراہم کرتا ہے ان پر اظہار خیال کیا گیا ہے۔ آخر میں اسلامی تعلیمات پر مبنی معاشی نظام کے بنیادی نکات پیش کیے گئے ہیں۔

امید ہے اسلامی معاشیات کی تفہیم میں یہ کتابچہ مفید ثابت ہوگا۔

(ڈاکٹر رضی الاسلام ندوی)

امتِ مسلمہ۔ رہبر اور مثالی امت — مولانا سید محمد رابع حسنی

ناشر: مجلس تحقیقات و نشریاتِ اسلام، ندوۃ العلماء لکھنؤ، صفحات ۲۰۵، طبع اول ۱۹۹۹ء

قیمت/۷۰ روپے

زیرِ نظر کتاب ناظم دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ مولانا سید محمد رابع حسنی ندوی کے چند ان مقالات کا مجموعہ ہے جو انھوں نے مختلف بین الاقوامی سمیناروں میں پیش کیے تھے۔ موضوع کی وحدت نے ان مقالات کو ایک لڑی میں پرو دیا ہے اور ان میں باہم خوب صورت ربط پیدا کر دیا ہے۔

اس کتاب میں امتِ مسلمہ کو اس کا مقام دیا دلایا گیا ہے، اس کے امتیازات و خصائص پر روشنی ڈالی گئی ہے، اسلامی شریعت کی جامعیت و ہمہ گیری کی وضاحت کے ساتھ امت کی ذمہ داریاں یاد دلائی گئی ہیں، ماضی کا جائزہ لیتے ہوئے اسلامی تہذیب کے دورِ عروج کا نقشہ کھینچا گیا ہے اور زندگی کے مختلف میدانوں میں امت کی عظمت اور دیگر امتوں کے مقابلے میں اس کے تفوّق و امتیاز کی مثالیں دی گئی ہیں۔ پھر اس کے زوال و انحطاط اور مغربی فکر و ثقافت سے اس کی مرعوبیت اور اندھی تقلید کا جائزہ لیا گیا ہے۔ آخر میں مسلم معاشرہ کو درپیش خطرات اور اس میں در آنے والی خرابیوں اور نقائص کی نشاندہی کرتے ہوئے ان کے ازالے کی تدابیر ذکر کی گئی ہیں۔